روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ جمعۃ المبارک 20 مئی 2022ء

DAILY EXPRESS
روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

میٹروپولیٹن

سیکرٹری پی اینڈ ڈی عبداللہ خان اور سیکرٹری صنعت وتجارت عبدالطیف کاکڑ محکمہ صنعت وتجارت اور آئی ٹی سی کے زیر اہتمام مشاورتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

بقیہ بلوچستان نیوز 62

خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ صنعت وتجارت اور آئی ٹی سی کے زیر اہتمام دو روزہ مشاورتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری پی اینڈ ڈی عبداللہ خان، صوبائی سربراہ آئی ٹی سی جہانزیب خان، محکمہ تجارت وصنعت کے آفیسروں صوبے کے کاشتکاروں اور زراعت سے وابستہ نمائندوں اور غیر سرکاری تنظیم کے اہلکاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی حقیقت پسندانہ اور قابل عمل مسابقتی حکمت عملی صوبے کو معاشی اور سماجی خوشحالی کے لئے ایک قابل عمل روڈ میپ فراہم کرے گی ایس ایم ایز کے لیے سازگار کاروباری ماحول کی فراہمی صوبے کی تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ کر سکتی ہے اور اس سے براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے مزید پرکشش بنا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ای حکمت عملی سرکاری اور نجی شعبہ سے وابستہ افراد کو اہم مسائل کو فوقیت دینے اور ان کے حل کے بہتر طریقوں کی نشاندہی کرنے کے قابل بنائے گی۔ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے سیکریٹری پی این ڈی عبداللہ خان نے کہا کہ یورپین یونین کے فنڈ گراسپ پروجیکٹ صوبائی سطح کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے صوبے میں پائیدار ترقی کی طرف راستہ ہموار کرینگے اور حکومت بلوچستان اس منصوبے کی ترقی کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی انہوں نے کہا کہ حکمت عملی کا کامیاب انتظام اور ربط وضبط اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام متعلقہ ادارے اور شراکت دار ایک مربوط فریم ورک کے اندر سرگرمیوں کو نافذ کرنے کے قابل ہیں انہوں نے مزید کہا کہ حکمت عملی کے انتظام کو موثر نفاذ کے لیے تمام کلیدی شراکت داروں کے درمیان ان مضبوط تعاون پیدا کرنا، تفریق اور دوہرانے کے عمل کو کم کرنا اور حکمت عملی کی ترجیحات کو نافذ کرنے کے لئے لیے وسائل فراہم کرنا ہے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی سربراہ آئی ٹی سی جہان زیب خان نے کہا کہ انٹرنیشنل ٹریڈ سینٹر ایک جامع اور مسابقتی حکمت عملی کی تیاری میں صوبائی اور نجی شعبہ سے وابستہ افراد کے ساتھ مل کر کام کرنا تجویز کرتا ہے ائی ٹی سی حکمت عملی کی تیاری کی بنیاد ایک جامع اور مشاورتی پلیٹ فارم پر ہے جس کا مقصد متعلقہ اسٹیک ہولڈرز میں اہم مسائل کے حل اور